# تیسری یا چوتھی رکعت میں اقتدا کرنا

## تیسری یا چوتھی رکعت میں اقتدا کرنا

مسئلہ۷۴۹۔ اگر تیسری یا چوتھی رکعت میں امام کی اقتدا کرے تو ضروری ہے کہ الحمد اور سورہ پڑھے اور سورہ پڑھنے کا وقت نہیں ہو تو صرف الحمد پڑھے اور خود کو رکوع میں امام کے ساتھ پہنچائے۔

مسئلہ۷۵۰۔ اگر ماموم کو علم ہو کہ سورہ پڑھنے کی صورت میں امام کے ساتھ رکوع میں نہیں پہنچے گا تو ضروری ہے کہ سورہ نہ پڑھے اور چنانچہ سورہ پڑھ لے اور امام کے ساتھ رکوع میں نہ پہنچ سکے تو اس کی نماز فرادی ہوگی۔

مسئلہ۷۵۱۔ اگر امام تیسری یا چوتھی رکعت میں ہو اور ماموم کو علم ہو کہ اقتدا کرکے الحمد پڑھنے کی صورت میں رکوع میں اما م کے ساتھ نہیں پہنچے گا تو احتیاط واجب کی بناپر ضروری ہے کہ امام کے رکوع میں جانے تک انتظار کرے اور اس کے بعد اقتدا کرے۔

مسئلہ۷۵۲۔ اگر کوئی شخص اس وقت جماعت میں شریک ہو کہ جب امام آخری رکعت کا تشہد پڑھنے میں مشغول ہو تو اگر جماعت کا ثواب حاصل کرنا چاہے تو ضروری ہے کہ نیت کر کے تکبیرۃ الاحرام کہے اور بیٹھ کر امام کے ساتھ تشہد پڑھے لیکن سلام نہیں کہنا چاہئے اور امام کے سلام کہنے تک صبر کرے اس کے بعد کھڑا ہوجائے اور نماز کو جاری رکھے یعنی الحمد اور سورہ پڑھے اور اس کو نماز کی پہلی رکعت شمار کرے۔ یہ عمل نماز جماعت کے آخری تشہد کے ساتھ مختص اور ثواب حاصل کرنے کے لئے ہے اور تین رکعتی و چار رکعتی نمازوں کی دوسری رکعت کے تشہد میں یہ عمل انجام نہیں دے سکتا۔